# اَلصَّلٰوۃُ النُّوْرَانِیَّۃُ

# وَالصَّلٰوۃُ الْقَادِرِیَّۃُ

## درودِ چُہل میم

۳۸



مرتب

محمد عزیز سلطان القادری

۷۸۶ ۹۲

# اَلصَّلٰوۃُ النُّوْرَانِیَّۃُ

# وَالصَّلٰوۃُ الْقَادِرِیَّۃُ

و

## درودِ چہل میم

۳۸





مرتب

## بموقع ربیع ثانؒ ۱۴۴۰ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین

ومخدوم سیدنا الشیخ احمد ولی اللہ رضی اللہ عنہم

**محمد عزیز سلطان القادری**

ہاتف: ۹٦۹۵٤۳۵۸۷۷

# درود چہل میم (۳۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ السَّلٰمِ مَوْلَائِیْ هُوَ اللّٰهُ اِلٰهٌ
اَحَدٌ صَمَدٌ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
كُفُوًا اَحَدٌ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰى سَيِّدِ
الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَاكِمِيْنَ وَالْمُخْلِصِيْنَ وَمُرَادِ
الْعٰلَمِيْنَ وَمُزَّمِّلٍ وَمُدَّثِّرٍ وَ اَحْمَدَ وَحَامِدٍ
وَمَحْمُوْدٍ وَمُوْصِلٍ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ
وَصَاحِبِ لِوَاءِ الْحَمْدِ وَهُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

وَعَلٰی وَالِدَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَالۡاَنۡبِیَاءِ
وَالشُّھَدَاءِ وَمُحۡیِ الدِّیۡنِ وَمُعِیۡنِ الدِّیۡنِ
وَاَحۡمَدَوَلِیِّ اللّٰہِ وَحَوَارِیِّ وَلِیِّ اللّٰہِ وَکُلِّ اُمَمِہٖ
صَلَاۃً تَغۡفِرُبِھَا لِکُلِّ اُمَّۃِ حَبِیۡبِكَ وَتُعۡلِیۡ بِھَا
مَرَاتِبَھُمۡ وَتَحۡفَظُھُمۡ بِھَا مِنۡ کُلِّ عَذَابٍ فِی
الدَّھۡرِ وَالۡقَبۡرِ وَالۡحَشۡرِ ○

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو مالک ہے سلامتی دینے والا ہے میرا مولیٰ وہ اللہ ہے جو یکتا معبود ہے بے نیاز ہے وہ کسی سے پیدا نہیں اس کی کوئی اولاد نہیں اور کوئی اس کا ہم سر نہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اے ہمارے اللہ تو خوب خوب دائمی ابدی درود وسلام نازل فرما تمام رسولوں کے سردار پر، تمام حاکموں اور مخلصوں کے

سردار پر، سارے جہان کی مراد پر، جھرمٹ مارنے والے پر، بالا پوش اوڑھنے والے پر، بہت زیادہ تعریف کرنے والے پر، تعریف کرنے والے پر، تعریف کیئے ہوئے پر، اللہ کی بارگاہ میں پہنچانے والے پر، گنہگاروں کی سفارش کرنے والے پر اور تعریف کے جھنڈا والے پر، اور وہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں (اور خوب درودو سلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والدین پر، آل واصحاب پر، تمام انبیاء وشہدا پر، شیخ محی الدین پر خواجہ معین الدین پر اور مخدوم احمد ولی اللہ اور آپ کے اصحاب روحانی پر اور آپ ﷺ کی ساری امت پر ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو اپنے حبیب کی امتوں کو بخش دے اور ان کے درجات کو بلند کر دے اور انہیں دہر و قبر و حشر میں ہر عذاب سے بچالے۔

**فضیلت:** جو شخص اس درود کو ۴۰/ ۱۲/ ۷/ بار روزانہ پڑھے گا اللہ اسے بخش دیگا دنیا و آخرت میں اسے اللہ و رسول کی خوشنودی حاصل ہوگی اور اس کو آقا ﷺ و اہل بیت کرام کا دیدار پاک نصیب ہوگا، اور اس کی ہر دعا قبول ہوگی ان شاء اللہ تعالیٰ۔

# فضائل درودنورانی ودرودقادری

اللہ تعالیٰ کی بے انتہا حمد اوراس کا شکر ہے اوراس کے حبیب ﷺ کی بے حساب رحمت وشفقت ہے کہ پیش نظر ''درود نورانی ودرود قادری'' حضورغوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے روحانی فیضان اورسیدنا مخدوم سیدی ومرشدی شیخ احمد ولی اللہ بغدادی رضی اللہ عنہ کے روحانی وقلبی دستگیری سے حاصل ہوئی ، جوکہ مخفی طور سے اللہ کے مقبول بندوں کے سینۂ پاک میں محفوظ تھی لہٰذ یہ اس زمانے کے لئے نعمت عظمیٰ ہے، درودِنورانی حضورغوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے مادری وپدری انساب شریفہ کے ذکر کے ساتھ درود وسلام پر مشتمل ہے اور درودقادری میں حضورغوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے شجرۂ پیشوائی کے ذکر کے ساتھ درودوسلام کا گلدستہ پیش کیا گیا ہے،

جو شخص درودِ نورانی و درودِ قادری کو روزانہ ۱۱۱/ بار پڑھے گا وہ سلسلۂ قادریہ کے جملہ مشائخ بالخصوص حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ اور آپ کے جد کریم ﷺ کی روحانی و قلبی فیضان سے ایسا مالامال ہوگا کہ وہ اس زمانہ کے لئے حیرت ہوگا اس پر سارے حجابات کھول دیئے جائیں گے اور وہ اللہ کا مخصوص بندہ ہوگا اور جو ۴۰/ بار یا ۱۱/ بار یا ۳/ بار روزانہ پڑھنے کا معمول بنائے گا اسے اللہ و رسول کی رضا و خوشنودی اور اہل بیت کرام و صحابۂ کرام و جملہ اولیاء عظام کی زیارت و شفقت حاصل ہوگی اسے اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ کا کمال مرتبہ احسان اور وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ کا تمام مرتبہ ایمان اور وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا کی رضائے مرتبہ اسلام حاصل ہوگی، یہ درود اسے یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ کے حکم کا

کامل فیض دیگا، اسے فَکَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآئَكَ کا کشف کامل اور فَبَصَرُ كَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ کی حدت بصارت حاصل ہوگی وہ وَعَلَّمۡنَاهُ مِنۡ لَّدُنَّا عِلۡمًا کے بحر ناپیدا کنار سے فیضان علم حاصل کریگا، اسے وَلَا تُلۡقُوۡا بِاَيۡدِيۡكُمۡ اِلَى التَّهۡلُكَةِ کا اِلقائے حق حاصل ہوگا، وہ هُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ کی ہدایت سے شادکام ہوگا، اسے وَسَبِّحُوۡهُ بُكۡرَةً وَّاَصِيۡلًا کی توفیق حاصل ہوگی، وہ سَنُرِيۡهِمۡ اٰيَاتِنَا فِى الۡاٰفَاقِ وَفِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ کے نظارہ، وَاَوۡرَثۡنَا الۡاَرۡضَ کی وراثت، وَاَيَّدۡنَاهُ بِرُوۡحِ الۡقُدُسِ کی تائید، رَاضِيَةً مَّرۡضِيَّةً کے تحفۂ رضا دَنٰى فَتَدَلّٰى کی قربت، اِنِّىۡ جَاعِلٌ فِى الۡاَرۡضِ خَلِيۡفَةً کی خلافت اور عالم روحانی میں اَلۡعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الۡاَنۡبِيَاءِ کے عظیم حلۂ نورانی وخلعتِ روحانی اور تاج سلطانی سے نوازا جائے گا، اسے اَلَاۤ اِنَّ اَوۡلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا

هُمْ يَحْزَنُوْنَ کے گروہ میں شامل کیا جائے گا۔ اسے مَفَاتِيْحُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کی کنجی عطا ہوگی اس کا ظاہر و باطن وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ پر عمل پیرا ہوگا، اس پر عالم ناسوت کا خیر کھول دیا جائے گا اور وہ عالم ملکوت و جبروت ولاہوت کے فیضان کرم سے مالا مال ہوگا اس کی ہر مشکلیں حل ہونگی ساری حاجات پوری ہونگی، دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا نفس وشیطان کے شروں سے محفوظ رہے گا ارواح انبیاء واولیاء سے ملاقات کا شرف حاصل ہوگا، وہ عذاب دہر وقبر وحشر سے محفوظ رہے گا مردہ دل کو زندگی حاصل ہوگی بیمار روح کو تازگی حاصل ہوگی، نااہل، اہل میں سے ہوجائے گا، بیمار شفا پائے گا، آسیب میں مبتلا شخص کو نجات ملے گی، اگر جادو یا سحر کا اثر ہو تو ختم ہوجائے گا، وہ حاسدوں کے حسد سے، ظالم کے ظلم سے، بدگویوں کی بدگوئی سے، بدنظروں کی بدنظری

سے، اور ہر حادثہ سے محفوظ ہوگا، بے اولاد کو نیک صالح اولاد ہوگی، نافرمان اولاد فرماں بردار ہونگے ذکر وفکر اور عبادت میں ذوق و شوق اور لذت حاصل ہوگی بار قرض سے نجات ملے گی ،نسیان کی آفت سے امن میں رہے گا، غیبی امداد حاصل ہوگی، اللہ اسے وہاں سے رزق دیگا جہاں سے گمان بھی نہ ہوگا، اس کا دل یاد الٰہی سے منور ہوگا، اسے ہر امتحان اور آزمائش میں کامیابی عطا ہوگی ،وہ کثرت سے توبہ کرنے والا ہوگا، اس کی ہر دعا قبول کی جائے گی ،گمراہ و فاسق وفاجر کو ہدایت کا نور ملے گا، بدخلق کو خوش خلقی کی دولت حاصل ہوگی ، گناہوں کو مٹا دیا جائے گا، درجات کو بلند کیا جائے گا، وہ ہر لمحہ حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی نظر رحمت وشفقت اور روحانی وقلبی رہبری ودستگیری میں شرابور رہے گا، اسے ہر زمانے کے اولیاء، صلحا، اقطاب، ابدال، اوتاد، اغواث سے شرف

ملاقات حاصل ہوگی، خلاصہ یہ کہ یہ درود روحانی وقلبی معادن ومخازن کا مجموعہ ہے جس کے بے شمار فضائل اور بے انتہا فیوض وبرکات ہیں جس سے ہر زمانے میں لوگ مستفیض ہونگے اس کو معمول میں رکھنے والا بے شمار نعمتوں سے مالا مال ہوگا جس کا وہ خود مشاہدہ کریگا۔ان شاء اللہ تعالیٰ

بارگاہ رب العلمین میں دعا ہے کہ حضور غوث الاعظم وحضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں وبالخصوص سیدنا مخدوم احمد ولی اللہ کے صدقے وطفیل ہم سب کو اس درود پاک کو پڑھنے اوراس کے فیوض وبرکات سے مالامال ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

# اَلصَّلٰوةُ النُّوْرَانِيَّةُ

## مَعَ بَيَانِ اَنْسَابِ الشَّيْخِ

## عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ

بِسْمِ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ
وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ بِسْمِ اللهِ وَ الصَّلٰوةُ
وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ نُوْرُ اللهِ ○ وَحَبِيْبُ
اللهِ ○ وَنَبِيُّ اللهِ ○ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ○ يَا اِلٰهَ

الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيلَانِيِّ ○ يَا رَبَّ
الشَّيْخِ عَبْدِالْقَادِرِ الْجِيلَانِيِّ صَلِّ وَسَلِّمْ
مَاتُصَلِّيْ وَمَلٰئِكَتُكَ وَجَمِيْعُ الْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَكُلٌّ
مِّنْ خَلْقِكَ يُصَلُّوْنَ وَ يُسَلِّمُوْنَ وَمَا مَرْقُوْمٌ
عَلَى اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَمَا يُصَلِّيْ وَيُسَلِّمُ
الشَّيْخُ عَبْدُالْقَادِرِ الْجِيلَانِيُّ بِاَمْرِكَ الْاَزَلِيِّ
كُنْ فَيَكُوْنُ بِقُدْرَتِكَ الْقَدِيْمَةِ كُلَّ اٰنٍ عَلٰى
سَيِّدِنَا وَمَوْلَنَا كَرَمِكَ ○ وَنُوْرِكَ ○

وَمَحَبَّتِكَ ○ وَحَبِيْبِكَ ○ وَمَحْبُوْبِكَ ○ وَ
دَلِيْلِكَ الْحَقِّ ○ مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قُلْتَ فِيْهِ فِى
الْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا مُّحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ وَعَلٰى وَالِدَيْهِ ○ وَاٰلِهٖ ○ وَاَهْلِ
بَيْتِهٖ ○ وَاَصْحَابِهٖ ○ وَنُوْرِ الْمُصْطَفٰى سَيِّدَةِ
النِّسَاءِ فِى الْجَنَّةِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ ○ وَفَيْضَانِ
الْمُصْطَفٰى سَيِّدِنَا الْمَوْلٰى عَلِيِّ اَلْمُرْتَضٰى ○
وَاٰلِهٖ ○ وَنُوْرِ الْمُصْطَفٰى سَيِّدِ شَبَابِ اَهْلِ
الْجَنَّةِ سَيِّدِى الْاِمَامِ الْحَسَنِ ○ وَاٰلِهٖ ○

وَسَیِّدِی الْاِمَامِ الْحُسَیْنِ ○ وَاٰلِہٖ ○ وَجَمِیْعِ
الشُّھَدَاءِ کَرْبَلَاءَ ○ وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحَسَنِ
سَیِّدِیْ حَسَنِ اَلْمُثَنّٰی ○ وَنُوْرِ الْاِمَامِ
الْحُسَیْنِ سَیِّدِی الْاِمَامِ زَیْنِ الْعَابِدِیْنَ ○
وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحَسَنِ سَیِّدِیْ عَبْدِاللّٰہِ
اَلْمَحْضِ ○ وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحُسَیْنِ سَیِّدِی
الْاِمَامِ مُحَمَّدِنِ اَلْبَاقِرِ ○ وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحَسَنِ
سَیِّدِیْ مُوْسٰی اَلْجَوْنِ ○ وَنُوْرِ الْاِمَامِ
الْحُسَیْنِ سَیِّدِی الْاِمَامِ جَعْفَرِ اَلصَّادِقِ ○

وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحَسَنِ سَیِّدِیْ عَبْدِاللّٰہِ○

وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحُسَیْنِ سَیِّدِیْ الْاِمَامِ مُوْسٰی

اَلْکَاظِمِ○وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحَسَنِ سَیِّدِیْ

مُوْسٰی اَلثَّانِیْ○ وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحُسَیْنِ

سَیِّدِیْ الْاِمَامِ عَلِیِّ رَضَا○ وَنُوْرِ الْاِمَامِ

الْحَسَنِ سَیِّدِیْ دَاؤُدَ○ وَنُوْرِ الْاِمَامِ

الْحُسَیْنِ سَیِّدِیْ مُحَمَّدٍ○ وَنُوْرِ الْاِمَامِ

الْحَسَنِ سَیِّدِیْ مُحَمَّدٍ○ وَنُوْرِ الْاِمَامِ

الْحُسَیْنِ سَیِّدِیْ اَبِیْ عَلَاءِ الدِّیْنِ○ وَنُوْرِ

الْاِمَامِ الْحَسَنِ سَيِّدِیْ یَحْیٰ اَلزَّاهِدِ○وَنُوْرِ

الْاِمَامِ الْحُسَیْنِ سَيِّدِیْ عِیْسٰی○وَنُوْرِ

الْاِمَامِ الْحَسَنِ سَيِّدِیْ عَبْدِاللّٰهِ الْجِیْلَانِیِّ○

وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحُسَیْنِ سَيِّدِیْ اَبِیْ كَمَالٍ○

وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحَسَنِ سَيِّدِیْ اَبِیْ صَالِحِ مُوْسٰی

جَنْگِیْ دُوْسْتْ○وَنُوْرِ الْاِمَامِ الْحُسَیْنِ

سَيِّدِیْ عَبْدِاللّٰهِ○وَسَيِّدِیْ اَبِیْ عَطَّارٍ○

وَسَيِّدِیْ طَاهِرٍ ○وَسَيِّدِیْ مَحْمُوْدٍ○

وَسَيِّدِیْ مُحَمَّدٍ○وَسَيِّدِیْ اَبِیْ جَمَالٍ○

وَسَيِّدِیْ عَبۡدِاللّٰهِ اَلصَّوۡمَعِیِّ اَلۡحُسَیۡنِیِّ ○
وَسَیِّدَتِیۡ اُمِّ الۡخَیۡرِ فَاطِمَۃَ○وَنُوۡرِ الۡاِمَامِ
الۡحَسَنِ○وَالۡحُسَیۡنِ○سَیِّدِیۡ○وَمُرۡشِدِیۡ○
وَرُوۡحِیۡ○ وَقَلۡبِیۡ○ مُحۡیِ الدِّیۡنِ○ اَلۡبَازِ
الۡاَشۡهَبِ○اَلشَّیۡخِ عَبۡدِالۡقَادِرِ الۡجِیۡلَانِیِّ○
وَکُلِّ اٰلِهٖ ○وَاَزۡوَاجِهٖ ○وَخُلَفَائِهٖ ○ وَ
مُرِیۡدِیۡهِ○ صَلٰوۃً تَغۡفِرُلَنَا بِهَا وَلِوَالِدَیۡنَا وَ
لِمَنۡ تَوَالَدَ وَلِجَمِیۡعِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنَاتِ
وَالۡمُسۡلِمِیۡنَ وَالۡمُسۡلِمَاتِ الۡاَحۡیَاءِ مِنۡهُمۡ

الْاَمْوَاتِ اَجْمَعِيْنَ ○ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

الرَّاحِمِيْنَ○ وَتَقْضِىْ بِهَا كُلَّ حَاجَاتِنَا○

وَتَجْعَلُنَا بِهَا مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ الَّذِيْنَ

لَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ○ اَللّٰهُمَّ

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ○ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

وَلَا الضَّآلِّيْنَ○ آمين○

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع، اور سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے
جہان والوں کا، بہت مہربان رحمت والا، روزِ جزا کا مالک، ہم تجھی کو

پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں۔ اللہ کے نام سے شروع، اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار اللہ کے نور اللہ کے حبیب اور اللہ کے نبی محمد ﷺ پر جو اللہ کے رسول ہیں، اے شیخ عبدالقادر جیلانی کے معبود، اے شیخ عبدالقادر جیلانی کے پالنہار جو درود تو بھیجتا ہے اور جو درود وسلام تیرے فرشتے تمام مومن مرد و عورت اور تمام مسلمان مرد و عورت بھیجتے ہیں اور تیری تمام مخلوق جو درود وسلام بھیجتی ہے اور وہ درود وسلام جو لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے اور وہ درود وسلام جو شیخ عبدالقادر جیلانی بھیجتے رہے ہیں وہی درود وسلام تو اپنے ازلی امر کن فیکون کے ساتھ اپنی قدرت قدیمہ سے ہر لمحہ اپنی تمام معلوم تعداد کے مطابق خوب خوب نازل فرما ہمارے سردار ہمارے مولیٰ ہمارے آقا اپنے کرم پر اپنے نور پر اپنی محبت اپنے حبیب اپنے محبوب اور اپنی حق کی دلیل محمد ﷺ پر کہ جن کے بارے میں تو نے قرآن مجید میں فرمایا اور اللہ گواہی کے لئے

کافی ہے محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، اور( خوب خوب درود وسلام نازل ہو ) آپ ﷺ کی آل پر آپ ﷺ کی اہل بیت پر اور آپ ﷺ کے اصحاب پر اور نور مصطفےٰ جنتی عورتوں کی سردارن فاطمہ زہراء پر اور فیضان مصطفےٰ سیدنا مولیٰ علی مرتضیٰ پر اور آپ کی آل پر اور نور مصطفےٰ جنتی نوجوانوں کے سردار سیدی امام حسن پر اور آپ کی آل پر اور سیدی امام حسین اور آپ کی آل پر اور تمام شہدائے کربلا پر نور امام حسن سیدی حسن مثنیٰ پر، نور امام حسین سیدی امام زین العابدین پر، نور امام حسن سیدی عبداللہ محض پر، نور امام حسین سیدی امام محمد باقر پر، نور امام حسن سیدی موسیٰ جون پر، نور امام حسین سیدی امام جعفر صادق پر، نور امام حسن سیدی عبداللہ پر، نور امام حسین سیدی امام موسیٰ کاظم پر، نور امام حسن سیدی موسیٰ ثانی پر، نور امام حسین سیدی امام علی رضا پر، نور امام حسن سیدی داؤد پر، نور امام حسین سیدی محمد پر، نور امام حسن سیدی محمد پر، نور

امام حسین سیدی ابو علاء الدین پر، نور امام حسن سیدی یحی زاہد پر، نور امام حسین سیدی عیسیٰ پر، نور امام حسن سیدی عبداللہ جیلانی پر، نور امام حسین سیدی ابو کمال پر، نور امام حسن سیدی ابو صالح موسیٰ جنگی دوست پر، اور نور امام حسین سیدی عبداللہ پر، سیدی ابو عطار پر، سیدی طاہر پر، سیدی محمود پر، سیدی ابو جمال پر، سیدی عبداللہ صومعی حسینی پر، سیدہ ام الخیر فاطمہ پر، اور نور امام حسن و نور امام حسین سیدی و مرشدی روحی وقلبی محی الدین باز اشہب شیخ عبدالقادر جیلانی پر، آپ کی تمام آل واولاد پر آپ کی تمام ازواج پر اور آپ کے تمام خلفاء اور مریدوں پر ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہمیں بخش دے ہمارے والدین کو بخش دے ہماری اولاد کو بخش دے اور تمام مومن مرد وعورت، تمام مسلمان مرد وعورت کو بخش دے، ان میں سے جو زندہ ہیں یا وفات پا چکے ہیں انہیں بھی بخش دے اے تمام رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ

مہربان تیری رحمت کا واسطہ ہے، ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہماری تمام حاجتیں پوری فرمادے اور ہمیں اپنے ان نیک بندوں میں سے بنادے جنہیں نہ کوئی خوف ہے نہ کوئی غم اے ہمارے اللہ تو ہمیں سیدھا راستہ چلا، ان کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا ان کا راستہ نہیں جن پر غضب ہوا اور نہ بھکے ہوؤں کا۔ اے اللہ قبول فرما۔

# اَلصَّلٰوۃُ الْقَادِرِیَّۃُ

بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ○ بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا ھُوَ نُوْرُ اللّٰہِ ○ وَحَبِیْبُ

اللّٰہِ○وَنَبِیُّ اللّٰہِ○مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ○ یَا اِلٰہَ
الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیِّ○ یَا رَبَّ
الشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ الْجِیْلَانِیِّ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا کَرَمِکَ○ وَنُوْرِکَ○
وَمَحَبَّتِکَ ○ وَحَبِیْبِکَ ○ وَمَحْبُوْبِکَ ○
وَدَائِمِ رَحْمَتِکَ ○وَالْبَدْرِ الْکَامِلِ مَنْ لَّہُ
الشَّامَۃُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فِیْ طُوْلِ الزَّمَانِ○
وَعَلَامَۃُ نَبِیِّنَا وَمَوْلٰنَا مُظَلَّلٌ بِالرَّحْمَۃِ عَلَی
الْعٰلَمِیْنَ○وَھُوَ نُوْرُ نُوْرِکَ○وَسِرُّ سِرِّکَ○

وَ كَرَمُ كَرَمِكَ○ وَرَحْمَةُ رَحْمَتِكَ ○وَفَيْضُ
فَيْضِكَ○ وَرِضَاءُ رِضَائِكَ○ وَحُكْمُ
حُكْمِكَ○ وَرَؤُفٌ بِعِبَادِكَ ○ وَمُفَيِّضٌ
بِمُحِبِّكَ○ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ○ وَعَلٰى
وَالِدَيْهِ○ وَاٰلِهٖ○ وَاَصْحَابِهٖ○ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ○
وَالسَّيِّدَةِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ○ وَفَيَضَانِ
الْمُصْطَفٰى سَيِّدِى الْمَوْلٰى عَلِيٍّ الْمُرْتَضٰى○
وَفَيَضَانِ الْمُصْطَفٰى سَيِّدِى الْاِمَامِ
الْحُسَيْنِ○ وَفَيَضَانِ الْمُصْطَفٰى سَيِّدِى

الْاِمَامِ زَیْنِ الْعَابِدِیْنَ ○ وَفَیَضَانِ الْمُصْطَفٰی
سَیِّدِی الْاِمَامِ مُحَمَّدِنِ الْبَاقِرِ ○ وَفَیَضَانِ
الْمُصْطَفٰی سَیِّدِی الْاِمَامِ جَعْفَرِ الصَّادِقِ ○
وَفَیَضَانِ الْمُصْطَفٰی سَیِّدِی الْاِمَامِ مُوْسٰی
الْکَاظِمِ ○ وَفَیَضَانِ الْمُصْطَفٰی سَیِّدِیْ اَبِی
الْحَسَنِ عَلِیٍّ ○ وَ فَیَضَانِ الْمُصْطَفٰی سَیِّدِیْ
مَعْرُوْفِ الْکَرْخِیِّ ○ وَفَیَضَانِ الْمُصْطَفٰی
سَیِّدِیْ سِرِّیِّ السَّقَطِیِّ ○ وَفَیَضَانِ
الْمُصْطَفٰی سَیِّدِیْ اَبِی الْقَاسِمِ جُنَیْدٍ

اَلْبَغْدَادِيِّ ○ وَفَيَضَانِ الْمُصْطَفٰى سَيِّدِیْ
اَبِیْ بَكْرٍ اَلشَّيْخِ اَلشِّبْلِیْ ○ وَفَيَضَانِ
الْمُصْطَفٰى سَيِّدِیْ اَبِی الْفَضْلِ عَبْدِالْوَاحِدِ
اَلتَّمِيْمِیِّ ○ وَفَيَضَانِ الْمُصْطَفٰى سَيِّدِیْ اَبِی
الْفَرَحِ اَلطَّرْطُوْسِیِّ ○ وَفَيَضَانِ الْمُصْطَفٰى
سَيِّدِیْ اَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدِ اَلْقَرْشِیِّ
اَلْهَنْكَارِیِّ ○ وَفَيَضَانِ الْمُصْطَفٰى سَيِّدِیْ اَبِیْ
سَعِيْدِ اَلْمَخْزُوْمِیِّ ○ وَفَيَضَانِ الْمُصْطَفٰى ○
وَنُوْرِ الْمُصْطَفٰى ○ وَقَدَمِ الْمُصْطَفٰى ○

وَحُكْمِ الْمُصْطَفٰی ○ وَشَرِیْعَةِ الْمُصْطَفٰی ○

وَطَرِیْقَةِ الْمُصْطَفٰی ○ وَمَعْرِفَةِ الْمُصْطَفٰی ○

وَحَقِیْقَةِ الْمُصْطَفٰی ○ وَسِرِّ الْمُصْطَفٰی ○

وَ كَرَمِ الْمُصْطَفٰی ○ وَ نِعْمَةِ الْمُصْطَفٰی ○

وَاِنْعَامِ الْمُصْطَفٰی ○ وَالْحَسَنِیِّ ○ وَالْحُسَیْنِیِّ ○

وَ شَیْخِ الشُّیُوْخِ ○ وَ شَیْخِ الْكُلِّ ○ وَمَالِكِ

اَزِمَّةِ الْمُتَصَرِّفِیْنَ ○ وَ رَئِیْسِ الْمَحْبُوْبِیْنَ ○

وَالدُّرَّةِ الْبَیْضَاءِ ○ وَ الْبَازِ الْاَشْهَبِ ○

سَیِّدِنَا مُحْیِ الدِّیْنِ ○ سُلْطَانِ الْاَوْلِیَاءِ ○

سَیِّدِیْ ○ وَسَنَدِیْ ○ وَرُوْحِیْ ○ وَقَلْبِیْ ○
وَشَیْخِیْ ○ وَمُرْشِدِیْ ○ وَالشَّیْخِ عَبْدِالْقَادِرِ
الْجِیْلَانِیِّ ○ وَکُلِّ اٰلِہٖ ○ وَ خُلَفَائِہٖ ○
وَمُرِیْدِیْہِ ○ وَجَمِیْعِ مُتَوَسِّلِیْہِ ○ صَلٰوۃً
تُفِیْضُ بِہَا بِاَرْوَاحِ جَمِیْعِ مَشَائِخِ السِّلْسِلَۃِ
الْقَادِرِیَّۃِ اَرْوَاحَنَا وَقُلُوْبِہِمْ قُلُوْبَنَا وَ
اَجْسَامِہِمْ اَجْسَامَنَا وَظَوَاہِرِہِمْ ظَوَاہِرَنَا
وَبَوَاطِنِہِمْ بَوَاطِنَنَا وَاَقْوَالِہِمْ اَقْوَالَنَا
وَاَفْعَالِہِمْ اَفْعَالَنَا ○ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا

حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ
النَّارِ ○ اَللّٰھُمَّ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○
صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ○ غَیْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ○ آمین ○


ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع ، اور سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا، بہت مہربان رحمت والا، روزِ جزا کا مالک، ہم تجھی کو پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں۔ اللہ کے نام سے شروع ، اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار اللہ کے نور اللہ کے حبیب اور اللہ کے نبی محمد ﷺ پر جو اللہ کے رسول ہیں ، اے شیخ عبدالقادر جیلانی کے معبود، اے شیخ عبدالقادر جیلانی کے پالنہار تو خوب خوب درود وسلام

نازل فرما ہمارے سردار اپنے کرم پر اپنے نور پر اپنی محبت پر اپنے حبیب اپنے محبوب پر، اپنی دائمی رحمت پر، اور اس بدر کامل پر قیامت تک زمانے کی درازی میں کہ جن کی بلند شان ہے ہمارے نبی اور ہمارے مولیٰ کی پہچان یہ ہے کہ وہ سارے عالم پر رحمت کے ساتھ سایہ فگن ہیں اور وہ تیرے نور کے نور ہیں، تیرے راز کا راز ہیں، تیری رحمت کی رحمت ہیں، تیرے فیض کا فیض ہیں، تیری خوشنودی کی خوشنودی ہیں، تیرے حکم کا حکم ہیں اور تیرے بندوں پر نہایت مہربان ہیں، اور تجھ سے محبت کرنے والوں کو فیض بخشنے والے محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور (خوب درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والدین پر، آپ ﷺ کی آل واولاد پر، آپ ﷺ کے اصحاب پر اور آپ ﷺ کی اہل بیت پر، سیدہ فاطمہ زہراء پر، فیضان مصطفیٰ سیدی مولیٰ علی پر، فیضان مصطفیٰ سیدی امام حسین پر، فیضان مصطفیٰ سیدی امام زین العابدین پر، فیضان مصطفیٰ

سیدی امام محمد باقر پر، فیضان مصطفےٰ سیدی امام جعفر صادق پر، فیضان مصطفےٰ سیدی امام موسیٰ کاظم پر، فیضان مصطفےٰ سیدی ابوالحسن علی پر، فیضان مصطفےٰ سیدی معروف کرخی پر، فیضان مصطفےٰ سیدی سری سقطی پر، فیضان مصطفےٰ سیدی ابوالقاسم جنید بغدادی پر، فیضان مصطفےٰ سیدی شیخ ابوبکر شبلی پر، فیضان مصطفےٰ سیدی ابوالفضل عبدالواحد تمیمی پر، فیضان مصطفےٰ سیدی ابوالفرح طرطوسی پر، فیضان مصطفےٰ سیدی ابوالحسن علی بن محمد قرشی ہنکاری پر، فیضان مصطفےٰ سیدی ابوسعید مخزومی پر، فیضان مصطفےٰ نور مصطفےٰ قدم مصطفےٰ حکم مصطفےٰ شریعت مصطفےٰ طریقت مصطفےٰ حقیقت مصطفےٰ سر مصطفےٰ کرم مصطفےٰ نعمت مصطفےٰ انعام مصطفےٰ حسنی حسینی تمام شیخوں کے شیخ سب کے پیر تصرف کرنے والوں کے لگام کے مالک تمام محبوبوں کے سردار روشن موتی، باز اشہب سیدنا محی الدین تمام ولیوں کے بادشاہ میرے آقا میری سند میری روح میرا قلب میرے پیر میرے رہنما شیخ عبدالقادر

جیلانی پر، اور آپ کی تمام آل واولاد پر، اور آپ کے تمام خلفاء و مریدوں پر، اور آپ سے توسل رکھنے والوں پر، ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو سلسلۂ قادریہ کے تمام مشائخ کی ارواح سے ہماری روحوں کو فیضیاب فرما اور ان کے قلوب سے ہمارے دلوں کو فیضیاب فرما اور ان کے جسموں سے ہمارے جسموں کو فیضیاب فرما، ان کے ظاہر سے ہمارے ظاہر کو فیضیاب فرما، ان کے باطن سے ہمارے باطن کو فیضیاب فرما، ان کے اقوال سے ہمارے اقوال کو فیضیاب فرما اور ان کے افعال سے ہمارے افعال کو فیضیاب فرما، اے ہمارے پالنہار تو ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے، اے ہمارے اللہ تو ہمیں سیدھا راستہ چلا، ان کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا ان کا راستہ نہیں جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا۔ اے اللہ قبول فرما۔





آستانہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

www.syed14peer.com